وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 20

**PAPER CODE – 6025**

گروپ : پہلا

# گیارہویں کلاس 1st Annual 2024

## حصہ معروضی

**ہدایات:** ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر۔1

DGK-1-24

1- " گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش " میں " اے کاش " ہے
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

2- مقطع کی بنیادی پہچان ہے
(A) تخلص (B) تعلّی (C) قافیہ (D) ردیف

3- جس مقصد کیلئے تشبیہ دی جاتی ہے۔ اسے کہتے ہیں
(A) غرضِ تشبیہ (B) اداتِ تشبیہ (C) حروفِ تشبیہ (D) طرفین تشبیہ

4- جوں، مثل، جیسا، مانند کہلاتے ہیں
(A) سادہ حروف (B) حروفِ تشبیہ (C) مہمل حروف (D) مفرد حروف

5- " صنم آخر خدا نہیں ہوتا " میں مستعارلہٗ ہے
(A) محبوب (B) عاشق (C) رقیب (D) خدا

6- تلمیح ــــــــ زبان کا لفظ ہے
(A) فارسی (B) اردو (C) عربی (D) ہندی

7- " جامِ جم سے مرا جامِ سفال اچھا ہے " اس میں " جامِ جم " ہے
(A) استعارہ (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) ارکان تشبیہ

8- شاعر ــــــــ بیاض چھپ گئی
(A) کی (B) کا (C) کو (D) کے

9- پتنگ کٹ ــــــــ
(A) گیا (B) گئی (C) گئے (D) گئیں

10- آج چمن میں کیا خوب پَوَن چل ــــــــ ہے
(A) رہا (B) رہیں (C) رہی (D) رہے

11- ہم نے تاش ــــــــ
(A) کھیلی (B) کھیلے (C) کھیلا (D) کھیلیں

12- ہاٹ رکھتے ہی ترازو ٹوٹ ــــــــ
(A) گیا (B) گئیں (C) گئے (D) گئی

13- انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کا خیال ہے کہ
(A) راہ نما ملے (B) خِضر ملے (C) خیر خواہ ملے (D) ہم نوا ملے

14- حضرت قمر کی بیوی کا نام تھا
(A) سلمیٰ (B) سکینہ (C) رضیہ (D) عذرا

15- علامہ اقبالؒ کو جس حکیم کی دوا سے فائدہ ہوا، اس کا تعلق تھا
(A) دہلی سے (B) بنارس سے (C) کلکتہ سے (D) گورداس پور سے

16- ابن انشاء سفرنامہ کے جواب میں لکھنے کے خواہش مند تھے
(A) سیاحت نامہ (B) قیام نامہ (C) سوال نامہ (D) شاہ نامہ

17- مشتاق احمد یوسفی کے " دوست " کا نام تھا
(A) مرزا علیم بیگ (B) مرزا عبدالسلام بیگ (C) مرزا علی بیگ (D) مرزا عبد الودود بیگ

18- مطلع کے لغوی معنی ہیں
(A) طلوع ہونے کی جگہ (B) غروب ہونے کی جگہ (C) سونے کی جگہ (D) ٹھیرنے کی جگہ

19- " مطلع " غزل کا ہوتا ہے
(A) نصیب (B) تشبیب (C) نقیب (D) رقیب

20- غزل کیلئے ضروری ہے
(A) ردیف (B) قافیہ (C) تشبیہ (D) استعارہ

ParhloPakistan.com

| اردو لازمی | گیارہویں کلاس 1st Annual 2024 | وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ |
|---|---|---|
| گروپ: پہلا | | کل نمبر: 80 |

## حصہ انشائیہ

DGK-1-24

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر۔2 | (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ | 1+1+8=10 |
| | ان کواکب کے عوض، ہوں گے نئے انجم طلوع<br>ان دنوں رخشندہ تر، یہ آسماں ہوجائے گا<br>پھر نئے محمود ہوں گے حامیِ دینِ متیں<br>بچّہ بچّہ، غیرتِ الپ ارسلاں ہوجائے گا | |
| | (ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ | 1+3+3+3=10 |
| | سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو ———— وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے<br>مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے ———— چمن اڑ گیا، آندھیاں آتے آتے<br>نہیں کھیل اے داغؔ! یاروں سے کہ دو<br>کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے | |
| سوال نمبر۔3 | سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ | 1+1+3+10=15 |
| | (الف) ابوالقاسم الزہراوی سرجری میں جو نادر آپریشن انجام دیتا تھا، اپنے روز افزوں تجربے سے اِس فن میں جو نئی نئی راہیں دریافت کرتا تھا، آپریشن کرنے کے لیے اپنی نگرانی میں جو نئے نئے آلات بنواتا تھا، ان سب کی تفصیل وہ احاطہ قلم میں لاتا جاتا تھا، یہاں تک کہ اس کے قلم سے عملی سرجری پر ایک یگانۂ روزگار تصنیف ظہور میں آگئی جو صدیوں تک یورپ کی یونیورسٹیوں میں سرجری کی واحد معیاری کتاب کے طور پر داخلِ درس رہی۔ | |
| | (ب) رسالہ ایسٹ اینڈ ویسٹ (انگریزی) کے اگست کے نمبر میں ڈاکٹر عبد الرحمٰن صاحب نے ایک ریویو دونوں مثنویوں پر لکھا ہے۔ نہایت قابلیت سے لکھا ہے۔ اگر اس ریویو کی کوئی کاپی مل گئی تو ارسال خدمت کروں گا۔ آج "زمانہ" میں ایک ریویو نظر سے گزرا۔ "زمانہ" کے اسی نمبر میں آپ کے اشعار بھی دیکھے جن کو کئی دفعہ پڑھا ہے اور ابھی کئی بار پڑھوں گا۔ | |
| سوال نمبر۔4 | درج ذیل میں سے کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔<br>(الف) اسوہ حسنہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم (ب) چراغ کی لو | 9+1=10 |
| سوال نمبر۔5 | علامہ محمد اقبالؒ کی نظم "پیغام" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ | 5 |
| سوال نمبر۔6 | بیرون ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند دو طالب علموں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔<br>یا<br>کالج میں منعقدہ "یوم آزادی" کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔ | 10 |
| سوال نمبر۔7 | لائبریری کے لیے نئی کتب منگوانے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست تحریر کیجیے۔ | 10 |
| سوال نمبر۔8 | درج ذیل پیراگراف کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی لکھیے | 2+8=10 |
| | ایک شخص رات کے اندھیرے میں پہاڑ کی چوٹی سے گرا۔ گرتے گرتے اس نے درخت کی شاخ پکڑ لی۔ وہ شاخ کو بڑی دیر تک اس خوف سے تھامے رہا کہ اگر شاخ چھوٹ گئی تو گر کر مرجاؤں گا۔ آخر بڑی دیر بعد اس نے زندگی سے مایوس ہوکر شاخ چھوڑ دی۔ مگر خوش قسمتی سے زمین قریب تھی۔ اسے کچھ نہ ہوا۔ یوں ہی ایک بے بنیاد خوف اس کے دل میں بیٹھا ہوا تھا۔ | |



D

ParhloPakistan.com